MEPCO
ENLIGHTENING LIVES

# میپکو میگ ملتان

اپریل 2023ء



**میپکو ملازمین اور صارفین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کر رہے ہیں۔**

**چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز سردار محمد جمال خان لغاری**



**صارفین کو بجلی کی تسلسل کے ساتھ فراہمی کیلئے منصوبے مکمل کئے گئے۔**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ



**ملازمین کی سروس سے متعلق شکایات کے حل کے لئے**
**سرکلوں میں اوپن فورمز کا انعقاد شروع**

ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن انجینئر چوہدری خالد محمود

میپکو... خدمت و ترقی قدم بہ قدم

www.mepco.com.pk

شعبہ تعلقاتِ عامہ میپکو ہیڈ کوارٹر ملتان

# میپکو میگ ملتان



سرپرستِ اعلیٰ:
انجینئر مہر اللہ دیار بھروانہ

اپریل 2023ء | کل صفحات 24 | شمارہ 01 | جلد نمبر 15



مدیر اعلیٰ:
انجینئر چوہدری خالد محمود
ڈائریکٹر ایچ آر اینڈ ایڈمن



مدیر: جمشید عالم نیازی
ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز


## اس شمارے میں


اجلاس میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز 02
یو ایس ایڈ وفد کی سی ای او میپکو سے ملاقات 03
میپکو ہیڈکوارٹر میں آڈٹ پیراز سے متعلق اجلاس 04
نئے سخی سرور سب آفس کا افتتاح 05
ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے کمیٹی کا اجلاس 06
میپکو کی کارکردگی 07
رمضان المبارک میں بجلی کی فراہمی 08
نئے ڈی جی ایچ آر کی تعیناتی 09
مظفرگڑھ سرکل میں اوپن فورم کا انعقاد 10
تقریب تقسیم اسناد 11
نئے آپریشنل دفاتر کا قیام 12
سی ای او میپکو کی زیر صدارت کارکردگی اجلاس 13
ملتان میں سہ کمپنی ہاکی سیریز کا انعقاد 14
137 ویں ریٹائرمنٹ تقریب 15
اجلاس ملتان سرکل 16
سیفٹی سیمینارز کا انعقاد 17
سپورٹس نیوز 21
ہارٹ اٹیک (مضمون) 22


## نورِ رمضان

رمضان المبارک اسلامی تقویم کا نواں مہینہ ہے۔قرآن وحدیث میں رمضان المبارک کو بہت اہمیت حاصل ہے اور یہی وہ بابرکت مہینہ ہے جس کا ذکر قرآن مجید میں آیا ہے۔ارشاد ربانی ہے کہ رمضان کے مہینے میں قرآن مجید نازل کیا گیا۔(البقرہ:185)اس مہینے میں ایک رات (لیلۃ القدر) ایسی آتی ہے جو ہزار راتوں سے افضل و بہتر ہے (القدر:3)۔حضرت سلمانؓ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے شعبان کی آخری تاریخ کو فرمایا کہ تمہارے اوپر ایک مہینہ آرہا ہے جو بڑا اور مبارک مہینہ ہے۔اس میں ایک رات ہے جو ہزاروں مہینوں سے بڑھ کر ہے۔اللہ تعالیٰ نے اس ماہ کے روزوں کو فرض فرمایا اور اس میں رات کے قیام کو ثواب کی چیز بنایا۔جو شخص اس مہینہ میں کسی نیکی کے ساتھ اللہ رب العزت کا قرب حاصل کر لے وہ ایسا ہے جیسے غیر رمضان میں فرض ادا کیا ہو اور جو شخص کسی فرض کو ادا کرے وہ جیسے غیر رمضان میں ستر فرض ادا کرے۔یہ مہینہ لوگوں کے ساتھ غم خواری کرنیکا ہے اس مہینہ میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے۔

رمضان المبارک کی پہلی رات آتی ہے تو جنت کے تمام دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور سارا مہینہ ایک بھی دروازہ بند نہیں ہوتا اور شیاطین کو جکڑ دیا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ ایک آواز دینے والے کو حکم دیتا ہے کہ یہ آواز دو"اے بھلائی کے طلب گاروں آگے بڑھو اور اے برائی کے طلب گاروں تم پیچھے ہٹو"۔پھر اللہ فرماتا ہے"کوئی ہے بخشش مانگنے والا تاکہ اسے بخش دیا جائے۔کوئی ہے سوال کرنیوالا تاکہ اسکا سوال پورا کیا جائے۔ہے کوئی توبہ کرنیوالا تاکہ اس کی توبہ قبول کر لی جائے۔تمام انسانی کتابیں اسی ماہ میں نازل ہوئیں۔


فوٹوگرافی ومعاون: جواد احمد
ویب ایڈیشن: خرم جاوید

MEPCO FACEBOOK PAGE:
MEPCOTODAY
www.mepco.com.pk
dmprmepco@gmail.com

شعبہ تعلقات عامہ ملتان الیکٹرک پاور کمپنی خانیوال روڈ ملتان سے شائع کیا گیا

# میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 196 ویں اجلاس میں مختلف اقدامات کی منظوری

## اجلاس چیئرمین سردار محمد جمال خان لغاری کی زیر صدارت میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقد ہوا

## چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے مختلف ایجنڈا آئٹمز پیش کیے جنکی متفقہ طور پر منظوری دی گئی

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز نے چیف انجینئر کسٹمر سروسز میپکو ہیڈ کوارٹر کے عہدے کے قیام، جنرل منیجر کسٹمر سروسز اور ڈائریکٹر جنرل کمرشل کے عہدے ختم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا 196 واں اجلاس چیئرمین سردار محمد جمال خان لغاری کی زیر صدارت میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے مختلف ایجنڈا آئٹمز پیش کیے جنکی متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے الیکٹریکل/الیکٹرونکس کی انجینئرنگ ڈگری حاصل کرنے والے میپکو ملازمین کی بطور جونیئر انجینئر/ایس ڈی او کے عہدے کے ان ہاؤس انڈکشن کوٹہ بڑھانے، تین سالہ پولی ٹیکنیک ڈپلومہ حاصل کرنے والے لائن سٹاف کی بطور لائن سپریٹنڈنٹ سیکنڈ کے عہدے پر انڈکشن/پروموشن کوٹہ بڑھانے،



میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے 196 ویں اجلاس میں چیئرمین سردار محمد جمال خان لغاری، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ، بورڈ ڈائریکٹر انجینئر فضل اللہ دُرانی اوراور میپکو افسران شریک ہیں۔

میپکو کے شعبہ انوائرمنٹ اینڈ سوشل سیف گارڈ میں نئی آسامیاں قائم کرنے، فیسکو (فیصل آباد) کی جونیئر انجینئر آسیہ ثمر اور اسسٹنٹ آڈٹ آفیسر عبدالخالق کی میپکو میں ڈیپوٹیشن منظوری کی۔ بورڈ نے جونیئر انجینئر/ایس ڈی او محمد عارف راجہ کی سینئر انجینئر/ایکسین کے عہدے پر ترقی اور اسسٹنٹ منیجر میٹریل مینجمنٹ (ایم ایم) بنیادی سکیل 17 سے ڈپٹی منیجر میٹریل مینجمنٹ (ایم ایم) بنیادی سکیل 18 میں ترقی کے لئے پروموشن بورڈ کی سفارشات متفقہ طور پر منظور کیں۔ اجلاس میں بورڈ ڈائریکٹرز انجینئر فضل اللہ دُرانی، جام محمد جابر لاڑ، خرم مشتاق، میاں شاہد اقبال، نوازش علی پیرزادہ، رانا یاسر رؤف، ظفر عباس، اصغر لغاری اور عماد الدین نے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن چوہدری خالد محمود، جنرل منیجر ٹیکنیکل ظفر اقبال گل، جنرل منیجر کسٹمر سروسز جام گل محمد زاہد، ڈائریکٹر آئی ٹی قیصر عباس نقوی، فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی اور کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری بھی موجود تھے۔

# یوایس ایڈ پی ایس آئی اے کا میپکو میں نئے منصوبوں کا آغاز

**میپکو موسیٰ پاک (بی زیڈیو) آپریشن ڈویژن کا انتخاب کیا گیا ہے جس میں تمام سہولیات فراہم کی جائیں گی**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ سے یوایس ایڈ پی ایس آئی اے پراجیکٹ کے وفد نے چیف آف پارٹی کاشان سید، پروگرام مینجمنٹ سپیشلسٹ برائے توانائی ندیم حبیب، ڈائریکٹر ٹرانسمیشن اینڈ ڈسٹری بیوشن آپریشنز شفیق الرحمٰن اور پراجیکٹ منیجر برائے میپکو انجینئر رانا عبدالستار نے میپکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کی

**یوایس ایڈ پی ایس آئی اے (PSIA) کے مجوزہ پراجیکٹ کی تکمیل سے میپکو کے سسٹم میں مزید بہتری آئے گی**

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) یوایس ایڈ کے منصوبوں کو کامیابی سے جاری رکھے ہوئے ہے اور اس سے سسٹم میں بہتری آئی ہے۔ یوایس ایڈ پی ایس آئی اے میپکو میں نئے منصوبوں کا آغاز کر رہی ہے ان میں اندرون شہر علاقوں میں بجلی چوری کی شرح میں مزید کمی کرنے، صارفین کی شکایات کے اندراج و ازالہ کے لئے موبائل فون ایپلی کیشن کا اجراء، ٹرانسفارمرز سے بجلی کی مانیٹرنگ اور حفاظت کے لئے جدید (APMS) سافٹ ویئر کی تنصیب، موسیٰ پاک ڈویژن کے زیر انتظام سب ڈویژنوں میں 5 آن لائن کسٹمر سروسز سنٹرز کا قیام، کرنٹ لگنے سے رونما ہونے والے واقعات کی روک تھام کے لئے اے بی سی کیبل کی تنصیب،



صارفین کو سہولیات کی فراہمی اور سٹاف کی تربیت کے پراجیکٹس شامل ہیں۔ اس منصوبے کے لئے میپکو موسیٰ پاک (بی زیڈیو) آپریشن ڈویژن کا انتخاب کیا گیا ہے جس میں تمام سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ اس موقع پر سی ای او میپکو نے کہا کہ یوایس ایڈ پی ایس آئی اے (PSIA) کے مجوزہ پراجیکٹ کی تکمیل سے میپکو کے سسٹم میں مزید بہتری آئے گی اور میپکو یوایس ایڈ کے ماضی کے منصوبوں کی طرح نئے منصوبوں سے بھی مستفید ہوگی۔ یوایس ایڈ پی ایس آئی اے پراجیکٹ کے وفد نے چیف آف پارٹی کاشان سید اور پروگرام مینجمنٹ سپیشلسٹ برائے توانائی ندیم حبیب نے کہا کہ میپکو میں ماڈل ٹاؤن ڈویژن کے قیام میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔ میپکو کے شعبہ آئی ٹی سے متعلقہ پراجیکٹس پر بھی تعاون جاری رہیگا۔ ملک کی سب



سے بڑی کمپنی میپکو کے مختلف شعبوں میں پہلے بھی کامیابی سے منصوبے مکمل کئے گئے جن کے ثمرات آج بھی سامنے آرہے ہیں۔ نیا پراجیکٹ شروع کرنیکا مقصد میپکو کے سسٹم کو جدید خطوط پر استوار کرنا اور صارفین کو بہترین سہولیات فراہم کرنا ہے جسے ہم میپکو انتظامیہ کے ساتھ ملکر کامیاب بنائیں گے۔ یوایس ایڈ پی ایس آئی اے کے وفد نے میپکو پاور کنٹرول سنٹر، ریجنل کمپلینٹ سنٹر اور اے ایم آئی سیل کا دورہ کیا اور کہا کہ یوایس ایڈ کے پاور سیکٹر امپرومنٹ ایکٹیویٹی (PSIA) کے پاور سیکٹر میں شروع ہونے والے منصوبے مکمل ہونے سے مزید بہتری آئے گی اور ملک بھی ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا۔ وفد نے ملتان شہر کے اندرون علاقوں میں بجلی چوری اور کرنٹ لگنے سے رونما ہونے والے حادثات کی شرح میں کمی کرنے کے لئے ایریل بنڈل کنڈکٹر (ABC) کا جائزہ لیا۔

# محکمانہ قوانین وضوابط پر عملدرآمد سے معاملات میں شفافیت برقرار رکھی جاسکتی ہے۔

جوائنٹ سیکرٹری پاور ڈویژن اسلام آباد غلام رسول

**ڈائریکٹر جنرل آڈٹ (پاور) لاہور شیخ محمد ندیم امجد اور چیف آڈیٹر پاور پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ کمپنی لاہور بشارت علی کی شرکت**

**چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہراللہ یار بھروانہ اور فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود نے آڈٹ پیراز پر بریفنگ دی**

**دوروز میں میپکو ریجن کے زیر انتظام مختلف شعبوں کے 72 آڈٹ پیراز زیر بحث آئے**

جوائنٹ سیکرٹری پاور ڈویژن اسلام آباد غلام رسول نے کہا ہے کہ محکمانہ قوانین وضوابط پر عملدرآمد سے معاملات میں شفافیت برقرار رکھی جاسکتی ہے ۔وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں آپریشن سرکلوں اور دیگر فارمیشنز کے آڈٹ پیراز سے متعلق اجلاس سے خطاب کررہے تھے ۔ ڈائریکٹر جنرل آڈٹ (پاور) لاہور شیخ محمد ندیم امجد اور چیف آڈیٹر پاور پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ کمپنی لاہور بشارت علی نے اس موقع پر کہا کہ آڈٹ پیراز میں میپکو ہیڈ کوارٹر کے مختلف



جوائنٹ سیکرٹری پاور ڈویژن غلام رسول، چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہراللہ یار بھروانہ، ڈائریکٹر جنرل آڈٹ (پاور) لاہور شیخ محمد ندیم امجد اور چیف آڈیٹر پی پی ایم سی بشارت علی میپکو ہیڈ کوارٹر میں آپریشن سرکلوں کے آڈٹ پیراز سے متعلق اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

شعبوں سمیت آپریشن سرکلوں کی کارکردگی بہتر رہی ہے جن آڈٹ پیراز پر مزید وضاحت طلب کی گئی ہے ان کے لئے متعلقہ شعبوں کے افسران کو 15 روز سے تین ماہ کی مدت کا وقت دیا گیا ہے ۔ اجلاس میں میپکو ریجن کے زیر انتظام آپریشن سرکلوں کے مالی سال 2020-21ء اور مالی سال 2021-22ء کے دوران بننے والے آڈٹ پیراز زیر بحث آئے ۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہراللہ یار بھروانہ اور فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود نے بریفنگ دی۔ اجلاس میں مختلف آپریشن سرکلوں کے 22 آڈٹ پیراز زیر بحث آئے جن پر متعلقہ سپرینٹنڈنگ انجینئرز نے مفصل رپورٹس پیش کیں۔اس موقع پر ڈپٹی ڈائریکٹر آڈٹ لاہور اطہر بٹ، فضل الہٰی، ڈائریکٹر انٹرنل آڈٹ عبدالغفار برمانی اور مختلف شعبوں کے سربراہان بھی موجود تھے۔

# صارفین کی سہولت کے لئے دور دراز علاقوں میں جانے کے بجائے نزدیک ترین دفاتر کا قیام ہمارا وژن

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز سردار محمد جمال خان لغاری

**سخی سرور سمیت تمام علاقوں کے صارفین کی شکایات کم سے کم وقت میں حل کی جائے**

**سخی سرور میں نئے قائم ہونے والے سب آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب**

**سخی سرور میں نئی سب ڈویژن کا قیام چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی خصوصی کاوش ہے۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ڈی.جی خان سرکل میاں محمد حسنین شکیل**

چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز سردار محمد جمال خان لغاری نے کہا ہے کہ صارفین کی شکایات کا ازالہ کمپنی کی ذمہ داری ہے اور اس سلسلہ میں ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کر رہے ہیں۔ صارفین کی سہولت کے لئے دور دراز علاقوں میں جانے کے بجائے نزدیک ترین دفاتر کا قیام میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کا وژن ہے۔ وہ سخی سرور میں نئے قائم ہونے والے سب آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سخی سرور اور ملحقہ علاقوں کے لوگوں کے مسائل حل کرنے کے لئے مقامی دفتر بنایا گیا ہے اور فوری طور پر سٹاف بھی تعینات کر دیا گیا ہے جو صارفین کی بلنگ، ریڈنگ، نئے کنکشنوں، بلوں کی درستگی اور دیگر مسائل ان کی دہلیز پر حل کریگا۔ سخی سرور کے سٹون کرشنگ ایریاز میں نصب میٹرز کی تبدیلی اور ان کے نئے کنکشنوں کی درخواستوں پر بھی کاروائی اسی دفتر میں ہوگی۔ سردار محمد جمال خان لغاری نے کہا کہ صارفین کی بجلی بندش/ٹرانسفارمرز اپ گریڈیشن/ٹرانسفارمرز تبدیلی/ریڈنگ اور دیگر شکایات کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کرنے کی ہدایت کی




چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز سردار محمد جمال خان لغاری اور سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ڈی.جی خان سرکل میاں محمد حسنین شکیل سخی سرور سب آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں جبکہ دوسری جانب افتتاح کے بعد دُعا مانگ رہے ہیں۔

گئی ہے اور ڈی.جی خان سرکل کے افسران کو پابند کیا گیا ہے کہ سخی سرور سمیت تمام علاقوں کے صارفین کی شکایات کم سے کم وقت میں حل کی جائے۔ زیادہ بجلی بلوں کی ادائیگی کرنے والے صارفین کو زیادہ سے زیادہ بجلی فراہم کر رہے ہیں۔ صارفین بجلی چوری کے مجرمانہ فعل سے اجتناب برتیں اور اپنے بل بروقت ادا کر کے قومی فریضہ ادا کریں۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ڈی.جی خان سرکل میاں محمد حسنین شکیل نے کہا کہ سخی سرور میں نئی سب ڈویژن کا قیام چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کی خصوصی کاوش ہے۔ ہم نہ صرف صارفین کے مسائل بروقت حل کریں گے بلکہ علاقہ میں بجلی کے سسٹم کی اپ گریڈیشن بھی کی جائے گی۔ سب ڈویژنل ٹیم کو ہدایت کی گئی ہے کہ تمام علاقوں میں ٹرانسفارمرز بیلنس کئے جائیں اور لٹکنے والی تاروں کو فی الفور درست کیا جائے تا کہ حادثات رونما ہونیکا احتمال نہ ہو۔ قبل ازیں چیئرمین میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز سردار محمد جمال خان لغاری نے نئے سخی سرور سب آفس کا افتتاح کیا اور دُعا مانگی۔ شجر کاری مہم کے سلسلہ میں پودا بھی لگایا۔ اس موقع پر ایکسین ڈی.جی خان ڈویژن عزیز الرحمٰن، ایس ڈی او فرسٹ سب ڈویژن ڈی.جی خان وجاہت حسین اور بڑی تعداد میں میپکو افسران اور ملازمین بھی موجود تھے۔

# میپکو ملازمین کی شکایات کے ازالے کے لئے قائم بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کمیٹی کے پہلے اجلاس کا انعقاد

کمیٹی میں بورڈ ڈائریکٹر نوازش علی پیرزادہ، انجینئر فضل اللہ دُرانی اور اصغر لغاری شامل

صارفین اور ملازمین کے مسائل کے حل کے اور سہولیات فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ کمیٹی ارکان میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بورڈ آف ڈائریکٹرز صارفین اور ملازمین کے مسائل کے حل کے اور سہولیات فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قائم کردہ کمیٹی ملازمین کے دوران سروس پیش آنے والے مسائل اور ان کی شکایات کے ازالے کے لئے کام کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار بورڈ ڈائریکٹر نوازش علی پیرزادہ نے میپکو ملازمین کی شکایات کے ازالے کے لئے قائم بورڈ آف ڈائریکٹرز کی کمیٹی کے پہلے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز ہیڈکوارٹر کے مختلف شعبوں سمیت ریجن بھر میں کام کرنے والے میپکو ملازمین کے حقوق کا



میپکو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ڈائریکٹر نوازش علی پیرزادہ میپکو ملازمین کے مسائل کے حل کے لئے قائم کمیٹی کے پہلے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔ بورڈ ڈائریکٹر انجینئر فضل اللہ دُرانی اور میپکو افسران بھی موجود ہیں۔

تحفظ کریگا اور ان کی موصول ہونے والی شکایات کا انتظامیہ کے ساتھ ملکر حل نکالیں گے تاکہ اپنی زندگی کا بیشتر حصہ کمپنی کے لئے وقف کرنے والے اہلکاروں کو مسائل کے حل کے لئے دوسرے فورمز پر نہ جانا پڑے۔ بورڈ ڈائریکٹر / ممبر کمیٹی انجینئر فضل اللہ دُرانی نے کہا کہ ملازمین کی شکایات بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ارکان کے پاس آرہی ہیں جن کے حل کے لئے چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز سردار محمد جمال خان لغاری نے کمیٹی قائم کی ہے۔ کمیٹی ملازمین کی شکایات سُن کران کے حل کے لئے مثبت قدم اُٹھائے گی۔ کمیٹی کے ارکان براہ راست ملازمین کے مسائل سُن کر اپنی سفارشات بورڈ آف ڈائریکٹرز کو بھیجیں گے تاکہ مسائل کا فوری حل ہوسکے۔ اجلاس میں بورڈ ڈائریکٹر / ممبر کمیٹی اصغر لغاری نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن لیاقت علی میمن، ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی، کمپنی سیکرٹری ساجد یعقوب انصاری، ڈپٹی ڈائریکٹر ایچ آر ایم وجاہت بُچہ، ڈپٹی ڈائریکٹر انکوائریز وقار عباس اور ڈپٹی ڈائریکٹر ٹی اینڈ ایم پی عبدالجبار خان بھی موجود تھے۔

# مالی سال23-2022ء کے دوران پروگریسو لائن لاسز کی شرح میں 1.6 فیصد کمی

## 20 کروڑ46لاکھ یونٹس بچا کر 4ارب70 کروڑ روپے کا فائدہ پہنچا

**صارفین کی تعداد اور بجلی کے تقسیمی نظام کے لحاظ سے میپکو ملک کی نمبرون بجلی کمپنی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ**

**ایک لاکھ85ہزار707 بجلی چوروں کو مجموعی طور پر 2ارب 10 کروڑ روپے جرمانہ عائد۔ جنرل مینجر کسٹمر سروسز جام گل محمد زاہد**

**9 آپریشن سرکلوں میں 2لاکھ46ہزار34 نئے کنکشنز فراہم۔ ڈائریکٹر کمرشل اسد حماد**



جنرل مینجر کسٹمر سروسز جام گل محمد زاہد

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) نے مالی سال23-2022ء کی کارکردگی رپورٹ جاری کردی۔ رپورٹ کے مطابق میپکو نے مالی سال23-2022ء کے دوران پروگریسو لائن لاسز کی شرح میں 1.6 فیصد کمی کی ہے جس سے کمپنی کے 20 کروڑ46لاکھ یونٹس بچا کر 4ارب70 کروڑ روپے کا فائدہ پہنچا ہے۔ گزشتہ مالی سال22-2021ء کے (جولائی تا فروری2022ء) لائن لاسز 12.7 فیصد تھے جس میں رواں مالی سال23-2022ء کے (جولائی تا فروری2023ء) 1.6 فیصد کمی کی گئی اور پروگریسو لائن لاسز 11.1 فیصد کی سطح پر آگئے ہیں۔ جنوبی پنجاب میں فروری2023ء میں بجلی صارفین سے بلنگ کی مد میں تقریباً27ارب روپے وصول کئے جس سے ماہانہ ریکوری کی شرح101 اعشاریہ 77 فیصد رہی۔ مالی سال کے دوران ایک لاکھ85ہزار707 بجلی چوروں کو مجموعی طور پر 2ارب10 کروڑ روپے جرمانہ عائد کیا گیا جس میں سے ایک ارب 39 کروڑ روپے سے زائد رقم وصول کی گئی جبکہ مقدمات کے اندراج کے لئے بھیجی گئی 10ہزار173 درخواستوں میں سے 2ہزار188 بجلی چوروں کے خلاف مقدمات درج ہوئے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ کی ہدایت پر میپکو ریجن کے زیر انتظام 9 آپریشن سرکلوں میں 2لاکھ46ہزار34 نئے کنکشنز فراہم کئے ان کنکشنوں کی تنصیب کے بعد میپکو کے صارفین کی کل تعداد 78لاکھ 89ہزار492 ہوگئی ہے جس میں 70لاکھ 44ہزار604 گھریلو، 6لاکھ 32ہزار452 کمرشل، 60ہزار635 صنعتی، 470 بلک سپلائی، ایک لاکھ 5ہزار736 زرعی ٹیوب ویل، 43ہزار685 بلک سپلائی اور ایک ہزار910 دیگر کیٹگریز کے صارفین شامل ہیں۔ صارفین کی تعداد اور بجلی کے تقسیمی نظام کے لحاظ سے میپکو ملک کی نمبرون بجلی کمپنی ہے۔ فروری2023ء کے اختتام تک میپکو ریجن میں بجلی فراہم کرنے والے 11KV فیڈرز کی تعداد1708 ہوگئی ہے۔ رواں مالی سال کے دوران 4لاکھ50ہزار875 خراب اور جلنے والے میٹرز تبدیل کئے گئے ان میں 4لاکھ33ہزار سنگل فیز میٹرز اور 17ہزار210 تھری فیز میٹرز شامل ہیں۔ میپکو ریجن میں بجلی فراہم کرنے والے گرڈ اسٹیشنوں کی تعداد141 ہے جن میں316 مختلف استعداد کار کے پاور ٹرانسفارمرز نصب ہیں۔ جنوبی پنجاب میں ہائی ٹینشن (HT) لائنوں کی کل لمبائی 81ہزار950 کلومیٹر اور لو ٹینشن (LT) لائنوں کی کل لمبائی50ہزار542 کلومیٹر ہوگئی ہے جبکہ مالی سال کے دوران مختلف استعداد کار کے 4ہزار319 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز سسٹم میں شامل کئے گئے ان ٹرانسفارمرز کی تنصیب کے بعد میپکو سسٹم میں بجلی فراہم کرنے والے ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز 2لاکھ29ہزار514 ہوگئی ہے۔



ڈائریکٹر کمرشل اسد حماد

# بجلی کے تقسیمی نظام کی اپ گریڈیشن کے لئے 21 مارچ 2023ء تک ڈیڈ لائن مقرر

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ

**رمضان المبارک کے دوران صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہمی یقینی بنانے کے لئے اہم اقدامات**

ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ٹرانسفارمرز ٹرالیاں بھی تیار رکھی جائیں۔

صارفین کی درج ہونے والی شکایات کا بروقت اور فوری ازالہ بھی ممکن بنایا جائے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے جنوبی پنجاب میں بجلی کے تقسیمی نظام کی اپ گریڈیشن کردی گئی ہے۔ رمضان المبارک کے دوران صارفین کو بہتر وولٹیج کے ساتھ بجلی فراہمی یقینی بنانے کے لئے ہائی ٹینشن فیڈرز اور ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی اپ گریڈیشن کی گئی ہے۔ ہائی ٹینشن فیڈرز کی ایریا پلاننگ اور ٹو فیز پر چلنے والے ٹرانسفارمرز میں بیلنس کئے گئے ہیں۔ رمضان المبارک میں سسٹم اوورلوڈ ہونے کی صورت میں متعلقہ علاقوں کے افسران کے خلاف محکمانہ کاروائی کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈکوارٹر میں منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بریک ڈاؤنز کے واقعات سے بچنے کے لئے لائنوں کے مرمتی منصوبے اور ٹرانسفارمرز کے فیوز بھی تبدیل کئے گئے ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ ایمرجنسی صورتحال سے نمٹنے کے لئے ٹرانسفارمرز ٹرالیاں بھی تیار رکھی جائیں اور کسی بھی علاقہ میں بجلی کا تعطل آنے کی صورت میں انہیں نصب بھی کیا جائے۔ صارفین کی شکایات کے بروقت اور فوری ازالے کے لئے سب ڈویژنل، ڈویژنل اور سرکل کمپلینٹ سنٹرز فعال رکھے جائیں اور تمام کسٹمر سروسز سنٹرز اور کسٹمر کمپلینٹ سنٹرز میں تین شفٹوں میں مستعد سٹاف تعینات کیا جائے۔ صارفین کی درج ہونے والی شکایات کا بروقت اور فوری ازالہ بھی ممکن بنایا جائے۔ اجلاس میں جنرل منیجر آپریشن ناصر ایاز گرمانی، چیف سٹریٹجک پلانر جاوید اقبال گل، چیف انجینئر او اینڈ ایم رانا محمد ایوب خان، ڈائریکٹر میٹریل مینجمنٹ ملک محمد عارف وینس، سپرنٹنڈنگ انجینئر جی ایس او سرکل ملتان زاہد اختر، انچارج ریجنل پاور کنٹرول سنٹر عرفان بشیر، انچارج ریجنل کمپلینٹ سنٹر عبدالحفیظ بھٹی اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ بجلی کے تقسیمی نظام کی اپ گریڈیشن کے حوالے سے منعقدہ اعلیٰ سطح کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں۔

# ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن انجینئر چوہدری خالد محمود نے ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کر دیا

## مختلف شعبوں کے افسران اور ملازمین، یونین رہنماؤں کی مبارکباد

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) کے ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن (ایچ آر اینڈ ایڈمن) انجینئر چوہدری خالد محمود نے ذمہ داریاں سنبھال کر کام شروع کر دیا ہے۔ میپکو کے افسران، یونین عہدیداروں اور ملازمین نے چوہدری خالد محمود کو نئی ذمہ داریاں ملنے اور چارج سنبھالنے پر مبارکبادی۔ ڈائریکٹر سیکیورٹی کرنل (ر) وقار احمد، سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ملتان سرکل فرحان شبیر ملک، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز جمشید نیازی، ریجنل منیجر ایم اینڈ ٹی۔ ا امجد نواز بھٹی، انچارج ریجنل کمپلینٹ سنٹر عبدالحفیظ بھٹی، ایکسین ممتاز آباد ڈویژن ریحان علی چوہان، ایکسین سٹی ڈویژن



ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو چوہدری خالد محمود کو چارج سنبھالنے پر میپکو افسران، ملازمین اور یونین عہدیداران پھولوں کے گلدستے دے رہے ہیں۔

محمد علی یاسر، ایڈیشنل ایکسین اے ٹی بی ملتان تاج محمود قمر، ایکسین ممتاز علی سولنگی، ایکسین موسیٰ پاک ڈویژن محمد وسیم اختر، ایکسین شاہ رکن عالم ڈویژن محمد تنویر، ایس ڈی او واپڈا ٹاؤن سب ڈویژن عمران عمر لودھی، ایس ڈی او ولایت آباد سب ڈویژن عمیر عمر لودھی، ایس ڈی او پاک گیٹ سب ڈویژن شیخ محمد عمران، ایس ڈی او نیو ملتان سب ڈویژن محمد علی طاہر، ایس ڈی او حسن آباد سب ڈویژن شکیل پاشا، یونین عہدیداروں چوہدری خالد محمود، شفاقت علی، راشد یامین اور دیگر نے چوہدری خالد محمود کے پھولوں کے گلدستے دیئے اور نئے عہدے پر کامیابی کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

(بقیہ صفحہ نمبر 14)

چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر چوہدری بشیر احمد گجر، منیجر میپکو ہاکی ٹیم محمد وسیم اختر، منیجر گیپکو ہاکی ٹیم غلام عباس، منیجر فیسکو ہاکی ٹیم زبت الضیاء، ڈویژنل سپورٹس آفیسر ملتان رانا ندیم انجم، کوچ پاکستان ہاکی ٹیم محمد عثمان شیخ اور منیجر واپڈا فٹبال ٹیم فیصل شفیع رانا کو یادگاری شیلڈز دیں۔ اس موقع پر نائب صدر میپکو سپورٹس ایسوسی ایشن وقاص مسعود چغتائی، سیکرٹری حیدر عثمان اٹھنگل، جنرل منیجر آپریشن ناصر ایاز گرمانی، چیف انجینئر ٹی اینڈ جی خالد نذیر، چیف انجینئر پلاننگ نور الحسن ڈوگر، چیف سٹریٹجک پلانر جاوید اقبال گل، چیف انجینئر او اینڈ ایم رانا محمد ایوب خاں اور تمام شعبوں کے افسران بھی موجود تھے۔

# ملازمین کی سروس سے متعلق شکایات کے حل کے لئے سرکلوں میں اوپن فورمز شروع کر دیئے

ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن میپکو انجینئر چوہدری خالد محمود

**میپکو سرکل مظفر گڑھ میں میپکو ملازمین کے مسائل اور شکایات کے فوری ازالہ کے لئے منعقدہ اوپن فورم سے خطاب**

**13 میپکو ملازمین نے اپنے مسائل سے ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو کو آگاہ کیا**

**ملازمین کے عدالتی کیسز، سروس بکس، آڈٹ پیراز اور دفتر کی صفائی وستھرائی سمیت عمارت کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا**

ڈائریکٹر جنرل ہیومن ریسورسز اینڈ ایڈمنسٹریشن (ایچ آر اینڈ ایڈمن) میپکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا ہے کہ میپکو ملازمین کے مسائل اور شکایات کا ازالہ فوری اور ترجیحی بنیادوں پر کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ اوپن فورمز کا مقصد میپکو ملازمین کے مسائل اور شکایات کا ازالہ فوری اور ان کی دہلیز پر جا کر کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو سرکل مظفر گڑھ میں میپکو ملازمین کے مسائل اور شکایات کے فوری ازالہ کے لئے منعقدہ اوپن فورم سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو انتظامیہ اپنے ملازمین کے مسائل اور ان کی شکایات کا فوری ازالہ کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ میپکو بحیثیت بجلی کی تقسیم کار کمپنی میپکو صارفین کی شکایات اور مسائل کے فوری ازالہ کے لیے دن رات مصروف عمل ہے۔ صارفین کے مسائل / شکایات حل کرنے والے میپکو ملازمین کے مسائل اور شکایات کا ازالہ بھی بغیر کسی تاخیر کے فوری ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ محنت اور لگن سے کام کرنے والے افسران اور ملازمین کو ہی ہمیشہ عزت ملتی ہے۔ اس موقع پر 13 میپکو ملازمین شاہ رخ، محمد کاشف شہزاد، احتشام اصغر، محمد رضوان، شاکر حسین، سجاد احمد ناصر، محمد رضوان، محمد اجمل، ریاض احمد، اعجاز عباس اور رانا سجاد سمیت دیگر نے اپنے مسائل سے ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو کو آگاہ کیا جس پر ان مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کئے گئے۔ بعد ازاں انہوں نے ملازمین کے عدالتی کیسز، سروس بکس، آڈٹ پیراز اور دفتر کی صفائی وستھرائی سمیت عمارت کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا۔ اوپن فورم میں سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل مظفر گڑھ ملک یعقوب احمد گدارا، ڈائریکٹر ایڈمن میپکو وجاہت بچہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر میپکو محمد کاشف، ہیڈ کلرک اللہ دتہ، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل میپکو سرکل مظفر گڑھ ملک خورشید، ایکسین میپکو ڈویژن مظفر گڑھ محمد فرقان زکریا، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن میپکو سرکل مظفر گڑھ مظہر حسین، سپرینٹنڈنٹ مظفر گڑھ سرکل طاہر بشیر دیگر نے شرکت کی۔



ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو انجینئر چوہدری خالد محمود مظفر گڑھ سرکل میں منعقدہ اوپن فورم سے خطاب کر رہے ہیں۔

# تمام افسران و ملازمین محنت اور لگن سے کام کریں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ

میپکو کے شعبہ ٹرانسفارمر ز ری کلیمیشن ورکشاپ، آڈٹ، ڈویلپمنٹ اور گرڈ سسٹم کنسٹرکشن کی کارکردگی بہترین ہے۔

## بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران میں تعریفی اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے کہا ہے کہ محنتی اور قابل ملازمین ادارے کا اثاثہ ہیں۔ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کر کے کمپنی کا نام روشن اور ترقی کی راہ پر گامزن کرنے والے ملازمین اور افسران کو سراہتے ہیں اسی بنیاد پر انہیں تعریفی سرٹیفکیٹس اور شیلڈز دی جا رہی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈ کوارٹر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران میں تعریفی اسناد تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ریجن کے تمام افسران و ملازمین محنت اور لگن سے کام کریں اور کمپنی کی ترقی کے لئے مل کر کام کریں۔ میپکو کے شعبہ ٹرانسفارمرز ری کلیمیشن ورکشاپ، آڈٹ، ڈویلپمنٹ اور گرڈ سسٹم کنسٹرکشن کی کارکردگی بہترین ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیم ورک سے بہترین نتائج حاصل ہو رہے ہیں۔ میپکو کے دیگر شعبے بھی ٹیم ورک کی صورت میں مزید آگے بڑھیں۔ اسی محنت کا تسلسل مستقبل میں بھی برقرار رکھتے ہوئے میپکو کو ملک کی نمبر ون کمپنی بنانے کے لئے ڈٹے رہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے ٹرانسمیشن لائنوں اور گرڈ اسٹیشنوں کے منصوبے بروقت مکمل کرنے پر چیف انجینئر ڈویلپمنٹ ظفر اقبال



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر چیف انجینئر ڈویلپمنٹ ظفر اقبال گل، سپرینٹنڈنگ انجینئر سید جواد منصور، منیجر انٹرنل آڈٹ عبدالغفار برمانی، آپریشن سرکلوں کے سپرینٹنڈنگ انجینئرز اور دیگر افسران میں تعریفی اسناد تقسیم کر رہے ہیں۔

گل، سپرینٹنڈنگ انجینئر سید جواد منصور اور ایکسین ٹی اینڈ جی ڈویژن سید عمران حسین بخاری کو تعریفی اسناد دیں۔ شعبہ آڈٹ میں 4 ارب روپے سے زائد مالیت کے آڈٹ پیروں کو مکمل کرنے پر فنانس ڈائریکٹر میاں انصار محمود، منیجر انٹرنل آڈٹ عبدالغفار برمانی، سپرینٹنڈنگ انجینئر مظفرگڑھ سرکل فرحان شبیر ملک، سپرینٹنڈنگ انجینئر ڈی جی خان سرکل میاں محمد حسنین شکیل، سپرینٹنڈنگ انجینئر بہاولپور سرکل سید محمد مبشر رضوی، سپرینٹنڈنگ انجینئر رحیم یار خان سرکل ملک محمد یوسف اور سپرینٹنڈنگ انجینئر ساہیوال سرکل عظمت علی خان کو اسناد دیں جبکہ مالی سال 22-2021ء کے دوران مختلف استعداد کار کے 11 ہزار 116 ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز مرمت کر کے کمپنی کو 35 کروڑ روپے سے زائد کی بچت ہونے پر ایکسین ٹی آر ڈبلیو ملتان خواجہ حفیظ اللہ اور دیگر افسران کو تعریفی اسناد دیں اور ان تمام افسران کی کارکردگی کو سراہا۔ اس موقع پر جنرل منیجر آپریشن ناصر ایاز گرمانی، جنرل منیجر ٹیکنیکل ظفر اقبال گل، چیف انجینئر او اینڈ ایم رانا محمد ایوب خان، چیف سٹریٹیجک پلانر جاوید اقبال گل، ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی اور سٹاف آفیسر عرفان محمود صدیقی بھی موجود تھے۔



MEPCO

# ایک نئی آپریشن ڈویژن اور دو نئی آپریشن سب ڈویژنوں کے قیام کا نوٹیفیکیشن جاری

آپریشن جامپور ڈویژن، ایک ریونیو آفس جامپور ڈویژن، دو نئی قائم ہونے والی آپریشن سب ڈویژنیں کوٹ چھٹہ ۔II اور محمد پور یکم جولائی 2023ء سے آپریشنل ہوں گی

میپکو انتظامیہ نے صارفین کے بلنگ، ریڈنگ، شکایات کے اندراج وازالہ اور بجلی سے متعلق مسائل مقامی سطح پر حل کرنے کے لئے نئے دفاتر قائم کئے ہیں

مظفر گڑھ سرکل کے زیر انتظام نئے خان گڑھ آپریشن ڈویژن اور دو نئی سب ڈویژنوں کا قیام زیر غور

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) انتظامیہ نے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی منظوری سے صارفین کی سہولت کے لئے ایک نئی آپریشن ڈویژن اور دو نئی آپریشن سب ڈویژنوں کے قیام کا نوٹیفیکیشن جاری کر دیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈیرہ غازی خان سرکل کے زیر انتظام ایک نئی قائم ہونے والی آپریشن جامپور ڈویژن، ایک ریونیو آفس جامپور ڈویژن، دو نئی قائم ہونے والی آپریشن سب ڈویژنیں کوٹ چھٹہ ۔II اور محمد پور یکم جولائی 2023ء سے آپریشنل ہوں گی۔ میپکو انتظامیہ نے صارفین کے بلنگ، ریڈنگ، شکایات کے اندراج وازالہ اور بجلی سے متعلق مسائل مقامی سطح پر حل کرنے کے لئے نئے دفاتر قائم کئے ہیں۔ ڈی جی خان، راجن پور اور کوٹ چھٹہ ڈویژنوں کے زیر انتظام علاقوں کو تقسیم کر کے نئی آپریشن جامپور ڈویژن میں ایک ایگزیکٹو انجینئر، ایک ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر، ایک آفس سپرینٹنڈنٹ، دو اکاؤنٹس اسسٹنٹس، ایک اسسٹنٹ/ ہیڈ کلرک، ایک ٹیکنیکل اسسٹنٹ/ لائن سپرینٹنڈنٹ گریڈ I، اے ہیڈ ڈرافسٹمین گریڈ بی، ایک اسسٹنٹ ڈرافسٹمین، ایک ٹریسر، تین جونیئر کلرکس، ایک ڈرائیور، 2 سیکیورٹی گارڈز، مالی، سوئپر اور نائب قاصد کی 20 آسامیوں پر سٹاف کی ایڈجسٹمنٹ کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ ریونیو آفس جامپور ڈویژن میں ریونیو آفیسر، ڈویژنل اکاؤنٹس آفیسر، کمرشل سپرینٹنڈنٹ، سپروائزر ڈیٹا کوڈر، سپروائزر ڈیٹا انٹری، اکاؤنٹس اسسٹنٹ، کمرشل اسسٹنٹس، جونیئر کلرک، سیکیورٹی گارڈز، دفتری، نائب قاصد اور سوئپر کی 33 آسامیاں قائم کر کے سٹاف کی ایڈجسٹمنٹ کی ہدایت کی ہے۔ جامپور، گلشن آباد اور فاضل پور آپریشن سب ڈویژنوں کے زیر انتظام علاقہ جات تقسیم کر کے نئی بننے والی محمد پور آپریشن سب ڈویژن میں ایس ڈی او سمیت 74 ملازمین پر مشتمل سٹاف کی سیٹیں قائم کی گئی ہیں۔ کوٹ چھٹہ آپریشن سب ڈویژن کو دو حصوں میں تقسیم کر کے نئی بننے والی کوٹ چھٹہ II سب ڈویژن میں ایس ڈی او سمیت 74 ملازمین پر مشتمل سٹاف کی سیٹیں قائم کی گئی ہیں۔

صارفین کی سہولیات کے لئے میپکو آپریشن سرکل مظفر گڑھ کے زیر انتظام نئی آپریشن خان گڑھ ڈویژن قائم کرنے کی تجویز زیر غور ہے جس میں دو نئی آپریشن سب ڈویژنیں وسندے والی اور خان پور بگا شیر کا قیام بھی زیر غور ہے۔ ان دفاتر کے قیام کی منظوری کے بعد صارفین کی شکایات کے اندراج وازالہ اور بجلی سے متعلق تمام شکایات نزدیکی دفاتر میں حل ہوں گی۔

**انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ**
**چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو**

# ملتان کے اندرون علاقوں/ تنگ گلیوں/ بازاروں میں حادثات کی روک تھام اور لائن لاسز کی شرح میں کمی کے لئے ABC بچھانے کے احکامات جاری

**اے بی سی کیبل بچھانے اور لوٹینشن سکیموں کے لئے فوری طور پر پروپوزل بنائی جائیں • میپکو ہیڈکوارٹر میں ملتان سرکل کے افسران کے منعقدہ اجلاس سے خطاب**

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے ملتان کے اندرون علاقوں/ تنگ گلیوں/ بازاروں میں حادثات کی روک تھام اور لائن لاسز کی شرح میں کمی کے لئے ایریل بنڈل کیبل (ABC) بچھانے کے احکامات جاری کر دیئے ہیں اور کہا ہے کہ اے بی سی کیبل بچھانے اور لوٹینشن سکیموں کے لئے فوری طور پر پروپوزل بنائی جائیں اور انہیں منظور کروا کر ہنگامی بنیادوں پر کام شروع کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میپکو ہیڈکوارٹر میں ملتان سرکل کے افسران کے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اے بی سی کیبل بچھانے کے لئے شعبہ کنسٹرکشن کی ٹیمیں معاونت کریں گی اور سٹاف بھی فراہم کریں گی۔ انہوں نے ملتان سرکل کے تمام ایگزیکٹو انجینئرز کو ہدایت کی کہ مینٹی نینس پروگرام میں تاروں کی درستگی، ہائی ٹینشن/ لوٹینشن پولز کی تبدیلی اور مرمت، کھمبوں پر نصب میٹرز کی ترتیب سے تنصیب اور خطرناک مقامات درست کئے جائیں۔ ٹرانسفارمرز جلنے کی شرح میں کمی کرنے کے لئے بیلنسنگ، ایریا پلاننگ، لوڈشفٹنگ کی جائے۔ ٹرانسفارمرز کی بیلنسنگ کر کے لائن لاسز کی شرح میں کمی بھی ممکن ہے۔



چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ ملتان سرکل کے افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر نے کہا کہ ملتان سرکل کے تمام ایکسین اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔ وزارت توانائی کارکردگی کو مسلسل مانیٹر کر رہی ہے اس لئے نااہلی اور غفلت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ تمام افسران ہر مہینے کے اہداف کو خصوصی ٹاسک سمجھ کر مہینے کے آغاز سے ہی محنت کریں تا کہ اہداف کے حصول میں دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ اوور بلنگ ناقابل قبول ہے۔ کسی بھی صارف کے ساتھ زائد یونٹس ڈال کر زیادتی نہ کی جائے اگر کسی سب ڈویژن میں اوور بلنگ ثابت ہوئی تو فوری طور پر سخت ایکشن لیں گے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر نے شجاع آباد اور موسیٰ پاک ڈویژنوں کے ایگزیکٹو انجینئرز کو کارکردگی بہتر بنانے کی ہدایت کی۔ چیف انجینئر او اینڈ ایم ڈسٹری بیوشن رانا محمد ایوب خان نے کہا کہ ملتان سرکل میں صارفین کی شکایات کے ازالے کی شرح بہتر ہے۔ تمام ایکسین آن لائن اور دفاتر میں درج ہونے والی درخواستوں/ شکایات پر فوری کاروائی کریں۔ خراب اور جلنے والے میٹرز تبدیل کر کے رپورٹ ہیڈکوارٹر بھجوائی جائے۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو ملتان سرکل فرحان شبیر ملک نے چیف ایگزیکٹو آفیسر کو ماہانہ اور پروگریسو کارکردگی پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں جنرل منیجر ٹیکنیکل ظفر اقبال گل، جنرل منیجر کسٹمر سروسز جام گُل محمد زاہد، ڈائریکٹر کمرشل اسد حماد، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل غلام محی الدین میتلا، ڈپٹی کمرشل منیجر ارشاد حسین سیال، ایکسین کینٹ ڈویژن بابر علی گجر، ایکسین سٹی ڈویژن محمد علی یاسر، ایکسین ممتاز آباد ڈویژن ریحان علی چوہان، ایکسین شاہ رکن عالم ڈویژن محمد تنویر اور ایکسین شجاع آباد ڈویژن طارق محمود ڈار موجود تھے۔

# میپکو قومی کھیل ہاکی کو فروغ دینے کے لئے ہر ممکن اقدامات اُٹھا رہی ہے۔

انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ
چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو

ہاکی سیریز کا بہترین انعقاد کروانے کا کریڈٹ سی ای او میپکو اور میپکو سپورٹس ایسوسی ایشن کو جاتا ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر چوہدری بشیر احمد گجر

## سہ کمپنی ہاکی فرینڈلی سیریز کی اختتامی تقریب سے خطاب

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے کہا ہے کہ میپکو قومی کھیل ہاکی کو فروغ دینے کے لئے ہر ممکن اقدامات اُٹھا رہی ہے۔ میپکو سپورٹس ایسوسی ایشن کھلاڑیوں کو زیادہ سے زیادہ کھیل کے مواقع فراہم کرنے کے لئے مقامی اور کمپنیوں کی سطح پر ٹورنامنٹس کا انعقاد کر رہی ہے جس کا مقصد کھلاڑیوں کی فٹنس اور کارکردگی کے معیار کو جانچنا ہے۔ میپکو اور پاور سیکٹر کی دیگر کمپنیوں کے کھلاڑیوں نے حالیہ کامن ویلتھ گیمز میں پاکستان کی طرف سے تقریباً تمام میڈلز حاصل کئے اور پاکستان کے سبز ہلالی پرچم کو عالمی سطح پر بلند کیا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سہ کمپنی ہاکی فرینڈلی سیریز کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ میپکو ہاکی کے علاوہ دیگر ٹیموں کے کھلاڑیوں کے کھیل کو مزید نکھارنے کے لئے مقامی سطح پر ٹورنامنٹس کا انعقاد کرے گی۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر چوہدری بشیر احمد گجر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میپکو نے ہاکی سیریز کا بہترین انعقاد کروایا ہے جسکا کریڈٹ سی ای او میپکو اور میپکو سپورٹس ایسوسی ایشن کو جاتا ہے۔ سیریز میں شامل تینوں ٹیموں کے کھلاڑیوں نے معیاری اور زبردست کھیل پیش کیا۔ یہ میپکو کی کھیلوں اور کھلاڑیوں کی سرپرستی کا مظہر ہے کہ ہیمر تھرو میں مسلسل 14 سال تک ریکارڈ یافتہ رضیہ سلطانہ اس کی سپورٹس آفیسر ہیں۔ میں بطور منیجر پاکستان واپڈا اتھلیٹس ٹیم میپکو کے کھلاڑیوں اور سپورٹس آفیسر کے تجربے اور کارکردگی کو سراہتا ہوں۔ میپکو سپورٹس ایسوسی ایشن کے صدر چوہدری خالد محمود نے کہا کہ فرینڈلی ہاکی سیریز میں تین کمپنیوں میپکو (ملتان)، فیسکو (فیصل آباد) اور گیپکو (گوجرانوالہ) نے حصہ لیا جس میں فیسکو کی ٹیم ونر اور میپکو کی ٹیم رنر اپ رہی۔ سیریز کے تمام میچز عالمی معیار کے حامل متی تل ہاکی گراؤنڈ میں منعقد ہوئے جہاں میپکو افسران، ملازمین سمیت ہاکی کے شائقین نے بڑی تعداد میں میچز دیکھے۔ بعدازاں چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ نے (بقیہ صفحہ نمبر 9)




چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ سہ کمپنی ہاکی فرینڈلی سیریز کی اختتامی تقریب کے موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر فیسکو انجینئر چوہدری بشیر احمد گجر اور دیگر کو شیلڈز دے رہے ہیں۔

# میپکو ملازمین ادارے کیلئے بہت بڑا اثاثہ ہیں۔ جنرل منیجر آپریشن میپکو انجینئر ناصر ایاز گرمانی

## میپکو انتظامیہ ملازمین اور انکے بچوں کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کر رہی ہے۔ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن انجینئر چوہدری خالد محمود

## میپکو گزشتہ 13 سالوں سے ریٹائرمنٹ تقاریب کا اہتمام کر رہی ہے۔ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی

## 137 ویں تقریب میں ریٹائر ہونے والے 66 ملازمین میں پنشن بکس، واجبات اور تحائف تقسیم کئے

جنرل منیجر آپریشن میپکو انجینئر ناصر ایاز گرمانی نے کہا ہے کہ میپکو ملازمین ادارے کیلئے بہت بڑا اثاثہ ہیں اور کسی بھی ادارہ کی ترقی وخوشحالی کی انحصار اُس ادارے میں کام کرنے والے محنتی اور دیانتدار ملازمین پر ہوتا ہے۔ ملازمین کی محنت اور لگن کی وجہ سے ہی ہر ادارے کی مجموعی طور پر کارکردگی بہتر ہوتی ہے اور ادارہ ترقی کی راہ پر گامزن ہوتا ہے۔ وہ میپکو ہیڈ کوارٹر میں منعقدہ 137 ویں ریٹائرمنٹ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔انہوں نے کہا کہ ریٹائر ہونے والے ملازمین کو باعزت طریقے سے رخصت کرنے کے ساتھ ساتھ پنشن بکس بھی دی جارہی ہیں ۔ اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ ریٹائرڈ ملازمین کی بعد کی زندگی بھی خوش وخرم گزرے۔ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا کہ میپکو انتظامیہ ملازمین اور انکے بچوں کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کر رہی ہے اور آئندہ بھی اس روایت کو برقرار رکھا جائے گا۔ ریٹائر ہونے والے ملازمین نے ہمارے لئے قابلِ عزت ہیں اور انہیں عزت ووقار کے ساتھ رخصت کرنا ہمارا فرض ہے۔ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی نے کہا کہ میپکو گزشتہ 13 سالوں سے ریٹائرمنٹ تقاریب کا اہتمام کر رہی ہے۔ ریٹائر ہونے والے ملازمین/افسران نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ کمپنی کی خدمت کرتے گزارا۔ ان کی خدمات قابل ستائش ہیں جنہیں تادیر یاد رکھا جائیگا۔137 ویں تقریب میں ریٹائر ہونے والے 66 ملازمین میں پنشن بکس، واجبات اور تحائف تقسیم کئے گئے۔تقریب میں نظامت کے فرائض اسسٹنٹ ڈائریکٹر ٹی اینڈ ایم پی رانا محمد سرفراز نے سرانجام دیئے۔اس موقع پر ڈائریکٹر ایڈمن وجاہت بچہ، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایچ آر ایم/ایڈمن میپکو محمد ایوب اور دیگر بھی موجود تھے۔



جنرل منیجر آپریشن میپکو ناصر ایاز گرمانی، ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن چوہدری خالد محمود، ڈائریکٹر ایچ آر ایم وقاص مسعود چغتائی اور دیگر افسران کا ریٹائر ہونے والے ملازمین کے ہمراہ گروپ فوٹو

# بجلی کے بلوں کی درست اور واضح تصاویر کی شرح 100 فیصد کی جائے۔

فرحان شبیر ملک
سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو ملتان سرکل

## تمام کیٹگریز کے صارفین سے ماہانہ بل، مکمل واجبات/بقایا جات وصول کئے جائیں

## میپکو موسیٰ پاک ڈویژنل کمپلیکس میں ایکسین/ایس ڈی اوز کے اجلاس سے خطاب

سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو ملتان سرکل فرحان شبیر ملک نے کہا ہے کہ بجلی کے بلوں کی درست اور واضح تصاویر کی شرح 100 فیصد کی جائے اور اگر کسی علاقہ میں اوور بلنگ کی گئی تو متعلقہ ایس ڈی اوز اور اہلکاروں کو سخت سزائیں دی جائیں گی۔ وہ میپکو موسیٰ پاک ڈویژنل کمپلیکس میں ایکسین/ایس ڈی اوز کے اجلاس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف جاری مہم میں عائد کردہ جرمانے وصولی کی شرح بہتر بنائی جائے اور بجلی چوروں کے خلاف مقدمات کا اندراج بھی کروایا جائے۔ خراب اور جلنے والے میٹرز تبدیل کئے جائیں اور تبدیل ہونے والے میٹرز فوری طور پر ڈیٹا حاصل کرنے کے لئے ایم اینڈ ٹی لیبارٹری بھجوائے جائیں۔ صارفین کو ڈیٹا کے مطابق یونٹس ڈیبٹ / کریڈٹ کئے جائیں۔ انہوں نے ایکسین اور ایس ڈی اوز کو ہدایت کی کہ بیچ وائز ریکوری کی شرح



سپرینٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو ملتان سرکل فرحان شبیر ملک موسیٰ پاک ڈویژن میں افسران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

مانیٹر کی جائے اور تمام کیٹگریز کے صارفین سے ماہانہ بل، مکمل واجبات/بقایا جات وصول کئے جائیں۔ عدم ادائیگی بلوں اور واجبات پر کنکشنز بغیر کسی رعایت کے منقطع کئے جائیں۔ سسٹم کی مینٹی نینس اور اپ گریڈیشن کے لئے جاری پروگرام میں ہائی ٹینشن/لوٹینشن لائنوں، ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز کی مرمت کے منصوبے اسی ماہ مکمل کئے جائیں۔ ٹو فیز پر چلنے والے تمام ڈسٹری بیوشن ٹرانسفارمرز تبدیل کئے جائیں اور تمام سب ڈویژنوں میں ایمرجنسی بجلی بحالی کے لئے ٹرالیاں نصب کی جائیں۔ صارفین کی شکایات کا سب ڈویژنل اور ڈویژنل کسٹمر سروسز سنٹرز/ کسٹمر کمپلینٹ سنٹرز میں مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمرشل منیجر ارشاد حسین سیال، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل غلام محی الدین میتلا، ایڈیشنل ایکسین اے ٹی بی تاج محمود قمر، ایس ڈی او کسٹمر سروسز سنٹر شیخ محمد کامران، ایکسین کینٹ ڈویژن بابر علی گجر، ایکسین سٹی ڈویژن محمد علی یاسر، ایکسین ممتاز آباد ڈویژن ریحان علی چوہان، ایکسین شاہ رکن عالم ڈویژن محمد تنویر، ایکسین شجاع آباد ڈویژن طارق محمود ڈار، تمام ریونیو آفیسرز اور ایس ڈی اوز نے شرکت کی۔

# میپکو ریجن میں لائن سٹاف کی قیمتی جانیں محفوظ بنانے کے لئے سیفٹی سیمینارز کے انعقاد کا سلسلہ جاری

## ملتان، بہاولنگر، بہاولپور، ڈی جی خان، رحیم یار خان اور دیگر علاقوں میں سیفٹی سیمینارز منعقد کئے گئے

چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو انجینئر مہر اللہ یار بھروانہ کی ہدایت پر میپکو کے لائن سٹاف کی قیمتی جانیں محفوظ بنانے کے لئے ریجن بھر کے آپریشن سرکلوں میں سیفٹی سیمینارز اور سیفٹی واکس کا سلسلہ جاری ہے۔ سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل بہاولنگر ملک محمد یوسف نے بہاولنگر ڈویژنل کمپلیکس میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لائن سٹاف محکمہ کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ہمارا سرمایہ ہے اسکی زندگی اسکے خاندان اور کمپنی کے لئے اشد ضروری ہے۔ لائن سٹاف کو سہولیات فراہم کرنا اور انکی قیمتی جانوں کا تحفظ کرنا ہمارا فرض ہے۔ محکمہ میں تمام سٹاف ایک خاندان کی طرح رہ رہے ہیں اور سٹاف کی زندگیاں انتظامیہ



سپریٹنڈنگ انجینئر میپکو بہاولنگر سرکل ملک محمد یوسف، ایکسین بہاولنگر ڈویژن فیاض قربان راجپر اور دیگر بہاولنگر ڈویژن میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کررہے ہیں۔

کو عزیز ہیں۔ لائن سٹاف فیلڈ میں کام کرنے سے قبل ٹی اینڈ پی چیک کریں اور کھمبوں/ٹرانسفارمرز پر کام کرنے سے پہلے پرمٹ ٹو ورک ہر صورت حاصل کیا جائے۔ ہائی وولٹیج ڈیٹیکٹر لائن بند ہونے کی تصدیق ہونے تک کام کا آغاز نہ کیا جائے۔ سیفٹی سیمینار میں ایکسین بہاولنگر ڈویژن فیاض قربان راجپر نے بھی لائن سٹاف کو سیفٹی کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ سیمینار میں ایکسین چشتیاں ڈویژن ناصر محمود، ایکسین ہارون آباد ڈویژن رانا محمد سلیم، ایس ڈی او ہیلتھ سیفٹی انوائرمنٹ امتیاز خان نے خصوصی طور پر شرکت کی اور لائن سٹاف کو سیفٹی کی اہمیت سے آگاہ کیا۔ سیفٹی سیمینار میں ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل انجینئر راجہ محمد عارف، ایڈیشنل ایکسین سب ڈویژن سیکنڈ ایس ڈی او ماڈل ٹاؤن محمد رشید، ایس ڈی او ٹریننگ بہاولنگر غلام سرور، سیفٹی انسپکٹر سرکل بہاولنگر حمید الرحمٰن کے علاوہ لائن سٹاف کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ زونل چیئر مین ورکر یونین چوہدری سہیل ستار اور زونل سیکرٹری واپڈا ورکر یونین عبد الصمد جوئیہ نے بھی خطاب کیا اور کہا بے احتیاطی نقصان دہ ہے تمام لائن سٹاف اپنی جان کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا آپ کی زندگی آپ کے خاندان اور ملک وقوم کیلئے قیمتی اثاثہ ہے لہذا ذرا سی بے احتیاطی اور لاپرواہی سے اسے موت کے منہ میں نہ دھکیلیں۔ انہوں نے کہا حادثات ہونے کی اہم ترین وجوہات میں حد سے زیادہ خود اعتمادی، ذاتی حفاظتی آلات کے استعمال سے گریز، پی ٹی ڈبلیو نہ لینا اور کام کی جگہ کو دونوں اطراف پر عارضی ارتھ نہ کرنا شامل ہیں۔ آخر میں دوران ڈیوٹی شہید ہونے والے ملازمین کی مغفرت کے لئے دعا کی گئی۔ میپکو صادق آباد ڈویژن میں سیفٹی سیمینار منعقد ہوا جس کی صدارت سپرنٹنڈنگ انجینئر آپریشن میپکو رحیم یار خان سرکل محمد شہزاد راعی نے کی۔ انہوں نےکہا کہ لائن سٹاف محکمہ کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ہمارا سرمایہ ہے اسکی زندگی اسکے خاندان اور کمپنی کے لئے اشد ضروری ہے۔ لائن سٹاف کو سہولیات فراہم کرنا اور انکی قیمتی جانوں کا تحفظ کرنا



سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو رحیم یار خان سرکل محمد شہزاد راعی، ایکسین صادق آباد ڈویژن ممتاز کلوڑ اور دیگر صادق آباد ڈویژن میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

ہمارا فرض ہے۔ فیلڈ سٹاف لائن اور ٹرانسفارمرز پر کام کرنے سے پہلے پرمٹ ٹو ورک ہر صورت حاصل کریں۔ پی ٹی ڈبلیو کے بعد ہائی وولٹیج ڈیٹیکٹر کا استعمال لازمی کریں۔ سیفٹی سیمینار میں ایکسین صادق آباد ڈویژن ممتاز کلوڑ نے لائن سٹاف کو سیفٹی کی اہمیت سے آگاہ کیا اور کہا کہ لائن گراونڈنگ کو اپنی روٹین کا حصہ بنائیں۔ سیمینار میں ایس ڈی او سیفٹی محمد عاصم اقبال سمیت دیگر سب ڈویژنوں کے ایس ڈی اوز، لائن سٹاف اور یونین عہدیداروں نے شرکت کی اور لائن سٹاف کو سیفٹی کی اہمیت کے بارے آگاہ کیا۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو آپریشن ڈی.جی خان سرکل میاں محمد حسنین شکیل نے ڈی.جی خان ڈویژنل کمپلیکس میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لائن سٹاف فیلڈ میں ڈیوٹی کے دوران سیفٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کرکے حادثات کا خاتمہ کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ٹی اینڈ پی/ پی پی ای کے ساتھ فرائض سرانجام دیں۔ انہوں نے سٹاف کو ہدایت کی کہ وہ حفاظتی ایس او پیز کے مطابق کام کے دوران تمام حفاظتی تدابیر اختیار کریں کیونکہ ان کی جانیں



سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو ڈی.جی خان سرکل میاں محمد حسنین شکیل، ایکسین ڈی.جی خان ڈویژن عزیز الرحمٰن ایس ڈی او فرسٹ سب ڈویژن ڈی.جی خان وجاہت حسین اور ایس ڈی او سیفٹی سیل ذیشان بشیر ڈی.جی خان ڈویژن میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

محکمے کے ساتھ ساتھ ان کے اہل خانہ کے لیے سب سے قیمتی ہیں۔ ان کے اہل خانہ کے لیے ان کا کوئی متبادل نہیں ہے۔ دوران ڈیوٹی حفاظت ہماری اولین ترجیح ہے اور اس میں کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ایکسین ڈی.جی خان ڈویژن عزیز الرحمٰن نے کہا کہ سیفٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کرکے حادثات سے بچاؤ ممکن ہے۔ تمام لائن سٹاف سیفٹی آلات کا بھرپور استعمال کریں اور اپنے ساتھیوں کو بھی ٹی اینڈ پی کے مکمل استعمال کی ترغیب دیں۔ ایس ڈی او فرسٹ سب ڈویژن ڈی.جی خان وجاہت حسین، ایس ڈی او سیفٹی سیل ڈی.جی خان ذیشان بشیر اور دیگر افسران نے بھی سیفٹی سیمینار سے خطاب کیا۔ سپرنٹنڈنگ انجینئر میپکو سرکل وہاڑی ساجد حسین گوندل نے میلسی ڈویژنل کمپلیکس میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سیفٹی سیمینارز کا مقصد لائن سٹاف میں دوران ڈیوٹی سیفٹی کے شعور کو اجاگر کرنا ہے۔ لائن مین کی قیمتی جانیں بچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات اُٹھائے جا رہے ہیں۔ لائن سٹاف کی غفلت کے باعث رونما ہونے والے حادثات کی شرح صفر







سپرینٹنڈنگ انجینئر میپکو وہاڑی سرکل ساجد حسین گوندل، ایکسین میلسی ڈویژن شاہد نذیر، سیفٹی انسپکٹر ایچ ایس ای چوہدری محمد تنویر اور سیفٹی انسپکٹر وہاڑی سرکل الطاف حسین میلسی ڈویژن میں منعقدہ سیفٹی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

کرنے کے لئے سیفٹی ایس او پیز پر عملدرآمد ضروری ہے۔ سیفٹی کلچر کو فروغ دینے کے لئے سب ڈویژنل اور ڈویژنل لیول پر سیمینارز کا انعقاد کریں۔ انہوں نے کہا کہ لائن سٹاف کو سہولیات فراہم کرنا اور انکی قیمتی جانوں کا تحفظ کرنا ہمارا فرض ہے۔ محکمہ میں تمام سٹاف ایک خاندان کی طرح رہ رہے ہیں اور سٹاف کی زندگیاں انتظامیہ کو عزیز ہیں۔ ایکسین میلسی ڈویژن انجینئر شاہد نذیر نے کہا کہ لائن سٹاف محکمہ کی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے اور ہمارا سرمایہ ہے اسکی زندگی اسکے خاندان اور کمپنی کے لئے اشد ضروری ہے۔ لائن سٹاف فیلڈ میں کام کرنے سے قبل ٹی اینڈ پی چیک کریں اور کھمبوں /ٹرانسفارمرز پر کام کرنے سے پہلے پرمٹ ٹو ورک ہر صورت حاصل کیا جائے۔ ہائی وولٹیج ڈیٹیکٹر لائن بند ہونے کی تصدیق ہونے تک کام کا آغاز نہ کیا جائے۔ سیفٹی سیمینار سے ایس ڈی او سیفٹی وہاڑی سرکل الطاف حسین اور ایس ڈی او فرسٹ سب ڈویژن میلسی طاہر شریف نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ بے احتیاطی نقصان دہ ہے۔ تمام لائن سٹاف اپنی جان کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔ آپ کی زندگی آپ کے خاندان اور ملک وقوم کیلئے قیمتی اثاثہ ہے لہذا اسے بے احتیاطی اور لاپرواہی سے اسے موت کے منہ میں نہ دھکیلیں۔ انہوں نے کہا حادثات ہونے کی اہم ترین وجوہات میں حد سے زیادہ خود اعتمادی، سیفٹی آلات کے استعمال سے گریز، پی ٹی ڈبلیو نہ لینا اور کام کی جگہ کو دونوں اطراف پر عارضی ارتھ نہ کرنا شامل ہیں۔ سٹی ڈویژن بہاولپور میں سیفٹی سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ ایکسین سٹی ڈویژن بہاولپور طارق عزیز میمن نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حفاظت اولین ترجیح ہے تمام ملازمین اپنی قیمتی جانیں بچانے کے لئے سیفٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کریں اور مکمل ٹی اینڈ پی /پی پی ای کے ساتھ فیلڈ میں خدمات سرانجام دیں تاکہ حادثات رونما ہونیکا احتمال پیدا نہ ہو۔ سٹاف اپنی خود اعتمادی ختم کر کے سیفٹی کا شعور اُجاگر کرے اور اپنے ساتھیوں کو بھی سیفٹی ایس او پیز پر




ایکسین آپریشن میپکو سٹی ڈویژن طارق عزیز میمن اور ایڈیشنل ایکسین سیفٹی عامر انصاری سٹی ڈویژن بہاولپور میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں۔

عملدرآمد کرنے کی ترغیب دے۔ ایڈیشنل ایکسین سیفٹی میپکو بہاولپور سرکل عامر انصاری نے سیفٹی ہدایات بارے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ مہلک اور غیر مہلک حادثات کی روک تھام کے لئے سب ڈویژنوں کی سطح پر سیفٹی سیمینارز، سیفٹی واکس، سیفٹی پریڈز اور سیفٹی آڈٹ کیا جارہا ہے جس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہورہے ہیں۔ لائن سٹاف محکمہ کا اثاثہ ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے خاندان والوں کے لئے قیمتی ہیں۔ لائن مین ٹرانسفارمر سب اسٹیشن، ایچ ٹی لائنز، پی ٹی ڈبلیو کے بغیر کمپوزٹ لائنوں پر سیفٹی ایس او پیز کے بغیر ہرگز کام نہ کریں۔ حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہے۔ سیمینار میں ایس ڈی او سیٹلائٹ ٹاؤن سب ڈویژن ثناء اللہ کاکڑ، ایس ڈی او بغداد سب ڈویژن ملک جمیل، ایس ڈی او عباسیہ سب ڈویژن انور علی کورائی اور تینوں سب ڈویژنوں کے سپروائزری سٹاف اور لائن سٹاف نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔







ایس ڈی او سیفٹی سیل ملتان سرکل فیصل رسول انصاری اور سیفٹی انسپکٹر محمد نعیم ملتان شہر میں سیفٹی واک کے دوران لائن سٹاف کی ٹی اینڈ پی چیک کر رہے ہیں۔

# 132KV عظیم آباد گرڈ اسٹیشن بوریوالہ کی ری ماڈلنگ مکمل

**عظیم آباد گرڈ اسٹیشن میں ٹی ون اور ٹی تھری پاور ٹرانسفارمرز کو نئے 11KV سوئچ روم میں منتقل کیا گیا**

**ٹی ٹو پاور ٹرانسفارمر پینل بورڈ کی تنصیب کا منصوبہ بھی قلیل مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچایا**



سپرینٹنڈنگ انجینئر جی ایس او میپکو ساہیوال سرکل سید جواد منصور 132KV عظیم آباد گرڈ اسٹیشن بوریوالہ میں تنصیبات کی چیکنگ کرتے ہوئے

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) جی ایس او ساہیوال سرکل نے 132KV عظیم آباد گرڈ اسٹیشن بوریوالہ کی ری ماڈلنگ مکمل کر لی۔ سپرینٹنڈنگ انجینئر جی ایس او ساہیوال سرکل سید جواد منصور نے کہا کہ عظیم آباد گرڈ اسٹیشن میں ٹی ون اور ٹی تھری پاور ٹرانسفارمرز کو نئے 11KV سوئچ روم میں منتقل کیا گیا جبکہ ٹی ٹو پاور ٹرانسفارمر پینل بورڈ کی تنصیب کا منصوبہ بھی قلیل مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچایا۔ کمپنی کے اخراجات بچانے اور فائدہ پہنچانے کے لئے گرڈ اسٹیشن میں نصب 11KV آؤٹ گوئنگ کیبلز کی ری روٹنگ کی گئی ہے اور اضافی کیبلز کو اُتار کر دیگر گرڈ اسٹیشنوں میں نصب کیا جائیگا جس سے کمپنی کو مالی فوائد ہوں گے۔ انہوں نے تمام گرڈ اسٹیشنوں کے انچارج اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ ہنگامی بنیادوں پر اپنے علاقوں میں ٹرانسمیشن لائنوں کی پٹرولنگ کریں اور خراب جمپرز، پی جی اور مرمت ہونے والی تاروں کی فوری طور پر مرمت کریں۔

# میپکو بیس بال کھلاڑی زاہداللہ نے قومی ٹیم کی نمائندگی کرتے ہوئے ایشیاء کپ میں گولڈ میڈل جیت لیا

## 15 ویں ویسٹ ایشیاء بیس بال کپ میں قومی ٹیم نے فلسطین بیس بال ٹیم کو فائنل میں شکست دیکر ایونٹ اپنے نام کیا

## میپکو بیس بال ٹیم کے کوچ محمد ساجد رشید کو عارضی بنیادوں پر ایونٹ میں افغانستان بیس بال ٹیم کے ہیڈ کوچ کے فرائض سونپے

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی (میپکو) بیس بال ٹیم کے کھلاڑی زاہداللہ نے قومی ٹیم کی نمائندگی کرتے ہوئے ایشیاء کپ میں گولڈ میڈل جیت لیا۔15 ویں ویسٹ ایشیاء بیس بال کپ میں قومی ٹیم نے فلسطین بیس بال ٹیم کو فائنل میں شکست دیکر ایونٹ اپنے نام کیا جس میں میپکو کے کھلاڑی زاہداللہ نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کر کے کمپنی اور ملک کا نام روشن کیا۔صدر میپکو سپورٹس ایسوسی ایشن/ڈائریکٹر جنرل ایچ آر اینڈ ایڈمن میپکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے کہا کہ اسلام آباد میں منعقد ہونے والے 15 ویں ویسٹ ایشیاء بیس بال کپ میں پاکستان سمیت 6 ممالک کی ٹیموں نے حصہ لیا۔فائنل میچ میں پاکستان کا مقابلہ فلسطین کی بیس بال ٹیم کے درمیان ہوا جس میں قومی ٹیم کی پرفارمنس شاندار رہی اور ٹیم نے ایونٹ اپنے نام کیا۔میپکو بیس بال ٹیم کے کھلاڑی زاہداللہ نے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر گولڈ میڈل جیتا۔انہوں نے کہا کہ افغانستان بیس بال ٹیم کی درخواست پر میپکو بیس بال ٹیم کے کوچ محمد ساجد رشید کو عارضی بنیادوں پر ایونٹ میں افغانستان بیس بال






15 ویں ویسٹ ایشیاء بیس بال کپ میں گولڈ میڈل حاصل کرنے والے میپکو کھلاڑی زاہداللہ جبکہ دوسری جانب افغانستان بیس بال ٹیم کے منیجر سردار عبدالرحیم میپکو کوچ محمد ساجد رشید کو شیلڈ دے رہے ہیں۔

ٹیم کے ہیڈ کوچ کے فرائض سونپے۔محمد ساجد رشید نے اپنی قابلیت اور صلاحیت سے بین الاقوامی ایونٹ میں افغانستان ٹیم کے ہیڈ کوچ کی ذمہ داریاں نبھائی جو قابل فخر بات ہے۔افغانستان بیس بال ٹیم کے منیجر سردار عبدالرحیم نے محمد ساجد رشید کو ہیڈ کوچ کے فرائض سرانجام دینے پر میپکو کوچ محمد ساجد رشید کو شیلڈ بھی دی۔میپکو سپورٹس ایسوسی ایشن کے سیکرٹری/منیجر بیس بال ٹیم ارشد منیر ڈاہا اور سپورٹس آفیسر میپکو رضیہ سلطانہ نے زاہداللہ کو گولڈ میڈل حاصل کرنے اور محمد ساجد رشید کو افغانستان بیس بال ٹیم کی ہیڈ کوچنگ کے فرائض سرانجام دینے پر مبارکباد دی ہے۔

# ہارٹ اٹیک



تحریر: ڈاکٹر محمد فاروق سعید خواجہ
ایف سی پی ایس
کنسلٹینٹ کارڈیولوجسٹ واپڈا ہسپتال ملتان

کسی شاعر نے خوب کہا ہے کہ

**دل کے بگاڑ سے بگڑتا ھے آدمی　　　دل سنور گیا تو سب کچھ سنور گیا**

روحانی لحاظ سے تو اس شعر کا مطلب ہے کہ دل سے تکبر، بغض، کینہ، حسد، عیب جوئی، شہوت، بے حیائی، حرص وہوس اور ریا کاری جیسے رذائل دور ہو جائیں اور عاجزی، ادب و احترام، محبت، بھائی چارہ، قناعت، صبر، شکر گزاری، شرم وحیا، سخاوت، ایثار اور اخلاص جیسے خصائل پیدا ہو جائیں اور انسان صحیح معنوں میں انسان بن جائے۔

لیکن جسمانی لحاظ سے بھی یہ شعر دل کی اہمیت اجاگر کرتا ہے۔

دل جس طرح اپنے پمپنگ ایکشن سے پورے جسم کے خلیات کو آکسیجن ملا خون مہیا کرتا ہے اسی طرح اس کے اپنے عضلات کو بھی آکسیجن ملے خون کی ضرورت ہوتی ہے۔ دل کو خون کی یہ فراہمی اندرونی طرف کی بجائے دل کے بیرونی طرف موجود کارونری شریانوں (Coronary Artries) کے ذریعے ممکن بنائی جاتی ہیں۔ عمر اور کولیسٹرول کے بڑھنے سے (کارونری آرٹریز) اندر سے سکڑنا شروع ہو جاتی ہیں۔

بعض اوقات، کچھ مریض سیڑھیاں چڑھتے وقت یا بھاری جسمانی کام کرتے وقت سینے میں درد کی لہریں محسوس کرتے ہیں جو عموماً بائیں کندھے کی طرف جاتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں اسے (انجائنا پیکٹورس) کہا جاتا ہے۔ اس کی وجہ دل کے عضلات کو کورونری شریانوں کے اندرونی طور پر تنگ ہونے کی وجہ سے آکسیجن ملے خون کی ناکافی مقدار میں فراہمی ہوتی ہے۔ انجائنا میں آرام کرنے (پرسکون بیٹھنے اور لیٹنے سے) اور انجیسڈ (Angicid) ٹیبلٹ زبان کے نیچے رکھنے کی صورت میں اس درد میں کمی واقع ہو جاتی ہے۔

ماہرین امراضِ قلب (Cardiologists) ایسے مریضوں کے لیے ای ٹی ٹی (Exercise Tolerance Test) تجویز کر سکتے ہیں۔

انجائنا ابتدائی حالت ہوتی ہے اگر اس کا جلد علاج نہ کیا جائے تو کورونری شریان مکمل طور پر بند ہو کر ہارٹ اٹیک کا موجب بن جاتی ہے۔

بعض اوقات ایک یا کئی شریانوں کے سکڑنے (Coronary Artery Spasm)، چکنائی کی تہہ جمنے (Atherosclerosis) یا ان میں کوئی لوتھڑا (Thrombus) پھنسنے کی وجہ سے دل کی دیواروں کے عضلات کو خون کی فراہمی منقطع ہو جاتی ہے اور دل کے اس حصے کے خلیے مردہ (Necrosis) ہونے لگتے ہیں۔ مریض کو سینے میں بائیں کندھے اور جبڑوں کی طرف شدید درد کی لہریں دوڑتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں، سانس لینے میں دشواری ہوتی ہے، متلی اور قے آنے لگتی ہے، معدے میں بھی درد محسوس ہو سکتا ہے، ٹھنڈے پسینے آتے ہیں، نبض خفیف ہو جاتی ہے اور فشار خون (Blood Pressure) خطرناک حد تک بلند ہو جاتا ہے۔ اس حالت کو عام زبان میں دل کا دورہ پڑنا یا ہارٹ اٹیک اور طبی اصطلاح میں مایوکارڈیل انفارکشن (Myocardial Infarction) کہتے ہیں۔

ہارٹ اٹیک کی صورت میں مریض کو فوراً آرام دہ حالت میں لٹا دیں، مریض حرکت کم سے کم کرے، پیدل نہ چلنے دیں۔ ایمرجنسی ایمبولینس سروس کو کال کریں۔

چار گولیاں کلوپیڈوگرل اور ایک گولی اسپرین کھلا دیں۔ ایک گولی انجیسڈ زبان کے نیچے رکھ دیں۔

دل کے دورے یا ہارٹ اٹیک کی تشخیص کا ابتدائی ٹیسٹ ای سی جی ہے۔ اس کے علاوہ خون کے ٹیسٹ ٹراپ ٹی اور کارڈیک اینزائمز اور ایکو کارڈیوگرافی وغیرہ بھی کرائے جاتے ہیں۔ کتنی کارونری شریانیں بند ہو گئیں ہیں یا سکڑ چکی ہیں، اس کے لیے انجیوگرافی تجویز کی جاتی ہے۔

تمباکو نوشی سے ہارٹ اٹیک کا خطرہ تین گنا بڑھ جاتا ہے۔ موٹاپا، ذیابیطس اور ہائی بلڈ پریشر کی موجودگی میں ہارٹ اٹیک کی شرح چار گنا بڑھ جاتی ہے۔

ہارٹ اٹیک کی دیگر وجوہات شراب نوشی، روغنی غذائیں، تفکرات، ذہنی بوجھ، بڑھاپا اور وراثتی اثرات ہیں۔

دل کے امراض سے بچنے کے لیے اسلامی تعلیمات پر عمل کریں، سادہ طرزِ زندگی اپنائیں، اپنی خواہشات کو محدود کریں اور پریشانیوں سے دور رہیں، کسی بھی قسم کی ورزش کو معمول بنائیں، زیادہ سے زیادہ پیدل چلنے کی عادت ڈالیں، سائیکل پہ سفر کریں۔ متوازن غذا کو جزوِ بدن بنائیں، زیادہ مرغن غذا کی بجائے سبزیاں اور دالیں استعمال کریں، گھی کی بجائے تیل استعمال کریں، فاسٹ فوڈز، برگر اور کوک کی بوتلوں سے پرہیز کریں۔

وزیراعظم پاکستان، وفاقی وزیر توانائی

اور وزارت توانائی (پاور ڈویژن) کی ہدایت پر

## ماہِ رمضان میں صارفین کو

بلا تعطل بجلی کی فراہمی یقینی بنانے کے لئے

## میپکو کی جانب سے

# شاندار اقدام

- سحر، افطار و تراویح کے اوقات میں بجلی کی مسلسل فراہمی
- سحر کے اوقات سے ایک گھنٹہ قبل اور ایک گھنٹہ بعد میں زیرو لوڈ مینجمنٹ
- افطار کے اوقات سے ایک گھنٹہ قبل اور 3 گھنٹے بعد تک بجلی کی مسلسل فراہمی
- چیف ایگزیکٹو آفیسر میپکو کی ہدایت پر جنرل مینیجرز اور چیف انجینئرز کی پاور کنٹرول سنٹر تعیناتی
- آپریشن سرکل کی سطح پر کنٹرول رومز کا قیام
- ڈویژن اور سب ڈویژن کی سطح پر شکایات کے ازالہ اور بجلی بحالی کے لئے خصوصی ٹیمیں تشکیل
- ٹرانسفارمرز خرابی کی صورت میں اضافی ٹرانسفارمرز اور ٹرالیوں کی سب ڈویژنوں کو فراہمی

صارفین شکایات کے اندراج اور بجلی بندش کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے
اپنے متعلقہ آپریشن سرکل کے درج ذیل نمبرز پر رابطہ کر سکتے ہیں یا میپکو ہیڈکوارٹر کے ریجنل شکایات سیل کے نمبرز
**061-9220217/118, 061-9220313, 061-9220314, 061-9220169**
سے بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں

| | |
|---|---|
| ملتان سرکل | 118/061-9220273 |
| مظفر گڑھ سرکل | 118/066-9200091 |
| ڈی جی خان سرکل | 118/064-9260389 |
| بہاولپور سرکل | 118/062-9250090 |
| رحیم یار خان سرکل | 118/068-9230418 |
| خانیوال سرکل | 118/065-2502416 |
| وہاڑی سرکل | 118/067-9201097 |
| ساہیوال سرکل | 118/040-9200306 |
| بہاولنگر سرکل | 118/063-9240034 |

میپکو، خدمت کا عزم، روشنی ہر دم

ملتان الیکٹرک پاور کمپنی | MEPCO ENLIGHTENING LIVES

www.mepco.com.pk